ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

گولوٹلو، پاکستان جنوبی افریقہ خواتین سیریز کا ٹائٹل اسپانسر

- پے پاک ، پریزنٹنگ اسپانسر ہوگا، پہلا میچ جمعہ کو ہوگا

کراچی 31 اگست، 2023:

گولوٹلوپاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان جمعہ سے شروع ہونے والی وائٹ بال سیریز کا ٹائٹل اسپانسر ہوگا۔ جبکہ پے پاک تین ٹی ٹوئنٹی اور تین ون ڈے میچوں کی اس سیریز کا پریزنٹنگ اسپانسر ہوگا۔

سیریز کا پہلا ٹی ٹوئنٹی جمعہ کو کھیلا جائے گا جس کے بعد تین اور چار ستمبر کو بقیہ دو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ہونگے جبکہ آٹھ، گیارہ اور چودہ ستمبر کو تین ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے جائیں گے یہ تینوں ون ڈے آئی سی سی چیمپئن شپ کا حصہ ہیں۔ نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی تمام چھ میچوں کی میزبانی کررہا ہے۔

پی سی بی کے ڈائریکٹر کمرشل عثمان وحید کا کہنا ہے کہ گولوٹلواور پے پاک کا خواتین کرکٹ کو سپورٹ کرنا خوش آئند ہے اور یہ پاکستان میں خواتین کرکٹ کے فروغ اور اس کی اہمیت کے ضمن میں اہم موقع ہےیہ پارٹنرشپ صرف اسپانسرشپ نہیں ہے بلکہ یہ ہماری خواتین کرکٹرز کو بہترین مواقع فراہم کرنے کے سلسلے میں ایک کمٹمنٹ ہے کہ ان مواقعوں کے ذریعے خواتین کرکٹرز انٹرنیشنل لیول پر اپنی بہترین صلاحیتوں کا اظہار کرسکیں۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان جنوبی افریقہ سیریز دلچسپ رہے گی اور شائقین اور ہمارے کمرشل پارٹنرز اپنے ہوم گراؤنڈ پر کھیلنے والی کھلاڑیوں کے کھیل سے لطف اندوز ہونگے۔

گولوٹلوکے چیف ایگزیکٹیو آفیسر فہد محمود کا کہنا ہے کہ ہم کھیلوں کی طاقت اور اہمیت پر یقین رکھتے ہیں کہ یہ سب کو متحد بھی رکھتے ہیں اور لوگوں کو متوجہ بھی کرتے ہیں۔ وہ اس اسپانسرشپ میں خوشی محسوس کررہے ہیں ۔

گولوٹلوکا نیٹ ورک انتیس ہزار مرچنٹس پر پھیلا ہوا ہے اور ہماری شراکت بیس سے زیادہ بینکوں اور دو پےمنٹ اسکیمز کے ساتھ ہے اور ہم اپنے صارفین کو اپنی ٹیم ورک محنت اور جذبے کے ذریعے بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔

پے پاک کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر نجیب آگرہ والا کا کہنا ہے کہ پے پاک پاکستان کی ڈومیسٹک پےمنٹ اسکیم ہے جو پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ سیریز کی اسپانسرشپ پر خوشی محسوس کرتی ہے جو اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ ہم خواتین کرکٹ کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور اسی کمٹمنٹ کے ساتھ ہم کھیل اور ڈیجیٹل پے منٹس دونوں کے سلسلے میں متحرک اور متحد ہیں۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial